© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد



تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

تبصرہ: ابوالادیب (ملتان)

☆مجلّہ: معارفِ اسلامیہ ۲۰۰۴ء (سیرت نمبر) مدیرِ اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید

ملنے کا پتا: فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز یونیورسٹی آف کراچی

جریدہ ''معارفِ اسلامیہ'' جامعہ کراچی کا میگزین ہے' جو سال میں دو دفعہ (گرما اور سرما) اور تین زبانوں (اردو ،عربی، انگریزی) میں شائع کیا جاتا ہے۔ پرچہ زیرِ نظر کا اردو حصہ ۲۳۸ صفحات پر مشتمل ہے' جس میں سیرت رسول ﷺ کے موضوع پر نو اہم تحقیقی مقالات شامل ہیں۔ جو ملک کے نام ور سیرت نگاروں علی محسن صدیقی، ڈاکٹر نثار احمد، ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی، پروفیسر ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، حافظ سید فضل الرحمٰن، سید عزیز الرحمٰن، ڈاکٹر زینت رسول، ڈاکٹر شہناز غازی اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے تحریر کردہ ہیں۔ عربی حصہ ۳۲ صفحات پر مشتمل ہے' جس میں سمیعہ بنت اللہ دتہ اور ڈاکٹر نصیر احمد اختر کے مقالات شامل ہیں۔ انگریزی حصہ کے ۲۲ صفحات ہیں' جس میں سید منیر واسطی اور عبدالرشید کے مقالات شامل کیے گئے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی کی سرپرستی اور پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید کی ادارت میں شائع ہونے والا یہ شمارہ سیرت رسول ﷺ کے حوالے سے بلاشبہ ایک قابل داد کاوش ہے۔ سفید کاغذ پر خوبصورت گرد پوش کے ساتھ چھپنے والے اس جریدہ کو سیرت رسول ﷺ کے خوبصورت پھولوں پر گندھے ہوئے ایک گلدستے سے تشبیہ دی جاسکتی ہے' جس سے امن، رواداری، محبت، اخوت اور تحمل و بردباری کے رنگوں کے ساتھ ساتھ غیرت و حمیت' شرافت و عدالت، اخلاقِ حسنہ اور شجاعت و بہادری کی خوشبو آتی ہے۔

☆کتاب: تعلیماتِ نبوی اور آج کے زندہ مسائل مؤلف: سید عزیز الرحمٰن

قیمت: ۲۴۰ روپے ضخامت: ۴۱۶ صفحات ناشر: القلم۔ فرحان ٹیرس ناظم آباد نمبر ۲' کراچی

تحریک پاکستان کا جذبۂ محرکہ خالصتاً دینی اور مذہبی تھا۔ ہندوستان کے اکثر مسلمانوں کے پاکستان آنے کا مقصد محض یہ تھا کہ پاکستان میں اسلامی قوانین اور اسلامی اقدار کی پاسداری کی جائے گی۔ انہیں اس وقت کے اکابر نے یہی عندیہ دیا تھا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں' ان کے رسم و رواج، تہذیب و تمدن، رہن سہن الگ الگ ہیں' اسے دو قومی نظریئے کا نام دیا گیا۔ تشکیل پاکستان کے بعد اگرچہ ہماری قومی کارکردگی اتنی حوصلہ افزاء نہیں رہی۔ پھر بھی برصغیر پاک و ہند میں ایک وسیع علمی اور تصنیفی سرگرمیاں جاری رہیں۔ بیسویں صدی کے مسلم مفکرین نے اسلامی علوم وفنون

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی تشریح کا ایک نیا انداز اپنایا۔ چنانچہ تفسیر وحدیث اور فقہ اسلامی پر ہزاروں کتابیں تحریر کی گئیں۔ سیرت کے موضوع پر ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ وزارت مذہبی امور پاکستان نے ہر سال سیرت کانفرنس کے انعقاد کی ابتدا کی۔ زیر تبصرہ کتاب میں شامل جناب سید عزیز الرحمٰن کے سات مقالات اس سیرت کانفرنس کا حاصل ہیں۔ یہ مقالات قومی سطح پر انعامات کے مستحق بھی قرار دیئے گئے۔

تعمیر شخصیت ،فلاح انسانیت ،اخلاق ،عدل ومساوات ،عورتوں کے حقوق ،والدین کے حقوق ،انسانی معاشرے کے مختلف شعبوں کے حقوق وفرائض ،استحکام پاکستان ،تعلیم وتربیت ،عدم برداشت کا قومی وبین الاقوامی رجحان ،انتہا پسندی اور نئے عالمی نظام میں امت کی تشکیل جیسے زندہ مسائل پر مضبوط مواد اس کتاب میں موجود ہے۔

☆ مقامِ محمد ﷺ مصنف: ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی ترتیب: سید عزیز الرحمٰن

ضخامت: ۲۳۸ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: دارالاشاعت' اردو بازار ایم اے جناح روڈ لاہور

رسولِ پاک ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر مختلف زبانوں میں اب تک ہزاروں کتب ورسائل شائع ہو چکے ہیں۔ لیکن ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی کی کتاب ''مقامِ محمد ﷺ'' سیرت نگاری کے شعبہ میں' اردو ادب کے حوالے سے ایک خوبصورت اضافہ ہے' جس میں قرآن حکیم کے آئینے میں رسولِ پاک ﷺ کی سیرت کو مختلف عنوانات کے تحت اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ مصنف نے کمال تحقیق اور عرق ریزی سے آپ ﷺ کی سیرت کے بارے میں ہر موضوع کی قرآنی آیات یکجا کر کے باب بندی کی ہے اور پھر ہر باب میں' تفاسیر ،احادیث اور سیرت کی دوسری کتابوں سے مفید باتیں اکٹھی کر دی ہیں۔

قبل ازیں اس عنوان پر مولانا عبدالماجد دریابادیؒ اور دیگر نامور اہل قلم کی کاوشیں موجود ہیں مگر ڈاکٹر ابوالخیر کشفی صاحب کی تحقیق نے اسے مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔

کتاب خوبصورت رنگین ٹائٹل میں سفید کاغذ پر شائع کی گئی ہے۔ پرنٹنگ اور جلد بندی واقعی معیاری ہے۔

☆ ماہنامہ ''حق نوائے احتشام'' (خصوصی شمارہ) نگران: مولانا تنویر الحق تھانوی

ضخامت: ۶۸۰ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ احتشامیہ جیکب لائن کراچی

جیسا کہ ظاہر ہے کہ اس رسالے کا نام ہی ''حق نوائے احتشام'' رکھا گیا ہے یعنی احتشام کی آواز حق ہے۔ یہ خصوصی شمارہ حضرت مولانا احتشام الحق تھانویؒ کی یاد میں شائع کیا گیا ہے۔ جس میں اُن کی حیات وخدمات کے بارے میں مضامین' اُن کی وفات پر لکھی گئی نظمیں ،مشاہیر کی طرف سے اُن کے نام تحریر کیے گئے خطوط اور اُن کی طرف سے مشاہیر کے نام لکھے گئے خطوط ،بیانات ،پریس کانفرنسوں کی عبارات ایک جگہ جمع کر دیئے گئے ہیں۔ حضرت مولانا احتشام الحق

© rasailojaraid.com